اُردو لازمی — جماعت دہم

# ماڈل پیپر سیشن 2016-18 و مابعد

(سیکنڈری)

وقت : 2:10 گھنٹے

(انشائیہ)

نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ حصہ نظم سے کوئی سے تین اور غزل کے حصے سے کوئی سے دو اشعار ہوں۔ (10)

حصہ نظم

(1) گردوں پہ رنگ چہرہ مہتاب فق ہوا — سلطانِ غرب و شرق کا ظلم و نسق ہوا

(2) لہرکھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو — جس کے دل کی آنچ ان جالی ہے کلی رنگ و بو

(3) انتشار ایک پیش نامہ ہے زوالِ ملک کا — اتحادِ قوم و ملت کا امین کرتے رہو

(4) دو دھڑوں میں بٹ گئے تھے ملک کے سارے عوام — اس طرح سب مقتدی تھے اس طرف سارے امام

حصہ غزل

(5) مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی — موت آتی ہے پر نہیں آتی

(6) کبھی بیانِ دل خوں شدہ سے بھی کھلا — بھری ہیں کس لئے یہ رنگیاں فسانے میں

(7) مقدور پھر جو راہ کے پتھر بنے رہے — وہ لوگ یاد آئے ہیں اکثر دعاؤں میں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10)

الف) آزاد سلطنتوں میں کوئی شے رائے کی آزادی اور خاص کر بادشاہوں کے چال چلن پر آزادانہ رائے دینے سے زیادہ خطرناک نہیں ہوتی بلکہ شیخ لے جس کے وقت میں ہر بادشاہ حاکم علی الاطلاق تھا، اس فرض کو پورا پورا ادا کیا۔ سلاطین عہد کے اخلاقی عیب اور ان کی بد خصلتیں جس طرح اس نے بیان کی ہیں آزاد سلطنتوں میں بھی اس سے زیادہ لکھنی مشکل ہیں مگر اس نے ایسے لطیف پیرایوں میں ان پر چوٹیں کی ہیں کہ کسی کو اس پر گرفت کرنے کا موقع نہیں ملا۔

ب) اب آپ ہی فرمائیے کہ اس سے زیادہ اور کیا انصاف ہو سکتا ہے۔ اس پر بھی اگر ممتحن صاحب مجھ کو فیل کر دیں تو اس کو ظلم نہ کہیں تو اور کیا کہیں گے۔ انصاف آپ ناظرین کے ہاتھ میں ہے۔ میں نے یہ جوابات والد صاحب کو بھی سنائے۔ انہوں نے بہت تعریف کی۔ ممتحنوں کو بہت برا بھلا کہا۔ میری بہت اشک شوئی کی اور فرمایا بیٹا گھبرانے کی بات نہیں۔ اس سال نہیں آئندہ سال سہی آخر کہاں تک بے ایمانی ہوگی۔ سو دن چور کے تو ایک بادشاہ کا۔

4- کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | اتابک ابوبکر نے کون کون سے جلیل القدر علماء کو سزائیں دیں؟ | ii | شہر کے مدرسے میں لڑکے شیخ کا مذاق کیوں اڑاتے تھے؟ |
| iii | مصنف (سجاد حیدر یلدرم) اپنے میزبان کو ناراض کر کے کیوں واپس چلا آیا؟ | iv | دادا میاں نے بیگم کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ |
| v | ''اِنٹوز'' سے کیا مراد ہے اور یہ کیا کام کرتا ہے؟ | vi | رشید احمد صدیقی کے نزدیک جو طلبہ منانے کا معقول اور صالح مفہوم کیا ہے؟ |
| vii | نظم ''کسان'' میں شاعر نے کسان کو کن خوبصورت ناموں سے پکارا ہے؟ | viii | تاد کھینچوں کے گھر کی کیا وجہ بتائی گئی ہے؟ |

5- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (05)

الف) دعوت ب) عکسِ تقدیر

6- درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (15)

الف) علامہ محمد اقبالؒ ب) حبِّ وطن ج) سائنس کے کرشمے

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا ہے۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

جوابات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی، چین اور پاکستان کے مسلمانوں کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا کسی گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبادت کا عنوان لکھیے۔

(ختم شد)

Result.pk

# ماڈل پیپر سیشن 2016-18 و مابعد

اُردو لازمی | جماعت دہم | (سیکنڈری) | وقت : 20

(معروضی) | نمبر : 15

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا لیڈ پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1 ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹِک (✓) کا نشان لگائیں۔ (15)

| نمبر شمار | سوالات | ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اکثر جہلا لباس میں جلوہ گر ہوتے تھے۔ | مشائخ کے | علماء کے | فضلا کے | زہاد کے |
| 2 | شبو کا باپ تھا۔ | کسان | زمیندار | دکاندار | چوکیدار |
| 3 | مولوی نذیر احمد کے ناولوں کی تعداد ہے۔ | آٹھ | پانچ | سات | گیارہ |
| 4 | ''خیالستان'' کی تصنیف ہے۔ | مولوی عبدالحق | سجاد حیدر یلدرم | شفیق الرحمٰن | اشرف صبوحی |
| 5 | دادا میاں نے بلی کو پھینک دیا تھا۔ | آگ میں | کنویں میں | تالاب میں | نہر میں |
| 6 | پہلے میری التجا تھی، اب ہے۔ | دُعا | فرمائش | درخواست | عرض |
| 7 | بخارا کی ایک مشہور پیداوار ہے۔ | پرانی قالین | کھالیں | قراقلی | خشک میوے |
| 8 | نہرِ فرات کو تشبیہ دی گئی ہے۔ | آسمان سے | سمندر سے | دریا سے | کہکشاں سے |
| 9 | احسان دانش کا لقب ہے۔ | شاعرِ مشرق | شاعرِ انقلاب | شاعرِ مزدور | شاعرِ فطرت |
| 10 | قفس میں بیٹھ کے روتا ہوں۔ | آشیانے کو | ہنسانے کو | مُسکرانے کو | دیوانے کو |
| 11 | اِسم معرفہ کی اقسام ہیں۔ | چار | تین | دو | ایک |
| 12 | ''بتنگڑ'' گرامر کی رُو سے ہے۔ | اسم صوت | اسم آلہ | اسم مکبّر | اسم مصغّر |
| 13 | ''نیک لڑکا'' میں ''نیک'' گرامر کی رُو سے ہے۔ | اِسم ذات | اسم صفت | اسم ضمیر | اسم اشارہ |
| 14 | ''مشاعرہ'' کا درست تلفظ ہے۔ | مَشاعِرَہ | مُشاعَرَہ | مَشاعَرَہ | مُشاعِرَہ |
| 15 | ''مصور'' کا درست تلفظ ہے۔ | مُصَوِّر | مَصوِر | مَصُوَّر | مُصَوَّر |

(ختم شد)

Result.pk